☆

S.S.C - (Part-I)-A-2022

**Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے**

# (For all sessions)

| Paper Code | 5 | 0 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|

## گروپ-I

## اُردو لازمی (معروضی)

وقت: 20 منٹ

نمبر: 15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے دیے گئے A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. ترکش سے فال کے تیر کس نے نکالے کہ حملہ کرنا چاہیے یا نہیں؟

(A) ابولہب (B) ابوجہل (C) سراقہ بن جعشم (D) عامر بن فہیرہ

2. والد صاحب قبلہ خوش تھے بیٹا کسی زمانے میں بڑے بڑے وکیلوں کے کان:

(A) کاٹے گا (B) کھینچے گا (C) مروڑے گا (D) کترے گا

3. سلیم اور علی بخش دونوں کی آنکھوں میں ایک دیہاتی کے لیے چمک تھی:

(A) مذاق کی (B) محبت کی (C) حقیقت کی (D) نفرت کی

4. خواجہ حیدر علی آتش کا شاگرد کہاں جا رہا تھا:

(A) بنارس (B) دہلی (C) لکھنؤ (D) کلکتہ

5. حضرت بی نے سلیم کو دی:

(A) سزا (B) ٹافی (C) گالی (D) مٹھائی

6. سبق ''پنچایت'' میں الگو چودھری سے بیل کس نے خریدا؟

(A) جمن نے (B) سمجھو سیٹھ نے (C) بوڑھی خالہ نے (D) شیخ جمراتی نے

7. اختر کو دھکے دے کر کون باہر نکالنے لگتا ہے؟

(A) بابا (B) تجمل (C) نیازی (D) رؤف

8. امیر مینائی نے ''نعت'' میں بے داغ لالہ اور بے خار گل کسے کہا ہے؟

(A) پھول کو (B) صحابہ کو

(C) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو (D) بزرگانِ دین کو

9. بحوالہ نظم '' برسات کی بہاریں '' بادل مست ہو کر چھا رہے ہیں:

(A) سمندر پر (B) پہاڑ کے اوپر (C) ہوا کے اوپر (D) دریا پر

10. '' دانا '' کا مترادف ہے:

(A) مدح (B) عاقل (C) آثار (D) خوشی

11. '' اصغر '' کی جمع ہے:

(A) اصاغر (B) اصغائر (C) صواغر (D) صغائر

12. '' رقم '' کی جمع الجمع ہے:

(A) ارقوم (B) رقومات (C) رقوم (D) رواقم

13. '' تقدیم '' کا متضاد ہے:

(A) قرب (B) تاخیر (C) رنج (D) نفاق

14. '' گھسیارا '' کی مؤنث ہے:

(A) کسیاران (B) کھسیاران (C) گھسیارن (D) گھسیارون

15. غزل کا آخری شعر جس میں شاعر تخلص استعمال کرے کہلاتا ہے:

(A) ردیف (B) قافیہ (C) مطلع (D) مقطع